نواں باب
اولیاتِ صدیق اکبر
صدیق اکبر کی انیس اولیات کا تفصیلی بیان

اوّلیاتِ صدیقِ اکبر

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اوّلیات سے مراد ایسے امور ہیں جو کسی کی ذات سے سب سے پہلے صادر ہوں۔

''صدیقِ اکبر عاشقِ اکبر ہیں'' کے **19** حروف کی نسبت سے آپ سے متعلقہ انیس اَوّلیات:

(1) سب سے پہلے دوست

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسلام سے قبل بھی **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دوست تھے اور قبول اسلام کے بعد سب سے پہلا دوست ہونے کا شرف بھی آپ ہی کو حاصل ہے۔ (تاریخ مدینہ دمشق، ج ۳۰، ص ۴۹)

(2) سب سے پہلے مصدق

سب سے پہلے جس شخص نے سَیِّدُ الْمُبَلِّغِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی تصدیق کی یعنی آپ کو سچا ہی سمجھا وہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہیں۔ (مصنف عبد الرزاق، کتاب المغازی، باب ماجاء فی حضر زم زم، ج ۵، ص ۲۲۲)

(3) سب سے پہلے مسلمان

سب سے پہلے بالغ مردوں میں اسلام قبول کرنے والے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی ہیں۔

(سنن الترمذی، کتاب المناقب، مناقب علی بن ابی طالب، الحدیث: ۳۷۵۵، ج ۵، ص ۴۱۱)

(4) سب سے پہلے اظہارِ اسلام کرنے والے

اسلام قبول کرنے والوں میں سب سے پہلے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اسلام کا اظہار کیا اور اس کو اعلانیہ سب کے سامنے بیان کیا جس کے سبب آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو بہت تکالیف بھی دی گئیں۔ (تاریخ مدینۃ دمشق، ج ۳۰، ص ۴۹)

(5) سب سے پہلے جامعِ قرآن

قرآن پاک کو سب سے پہلے جمع کرنے کا اعزاز بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی کو حاصل ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبۃ، کتاب فضائل القرآن، اول من جمع القرآن، الحدیث: ۱، ج ۷، ص ۱۹۶)

(6) سب سے پہلے مسمی قرآن

قرآن پاک کو جمع کرکے سب سے پہلے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے ہی اس کو ''مُصْحَف'' کا نام دیا۔[1]

(الکامل فی التاریخ، ج ۲، ص ۲۷۲، تاریخ الخلفاء، ص ۵۹)

(7) سب سے پہلے خلیفہ

اسلام کے سب سے پہلے خلیفۂ راشد بنائے جانے کا اعزاز بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی کو حاصل ہے۔

(8) سب سے پہلے خلیفہ پکارا گیا

حضرت سیدنا ابوبکر بن ابی ملیکہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ کسی نے حضرت ابوبکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یوں پکارا: ''یَا خَلِیْفَۃَ اللّٰہ! یعنی اے اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے خلیفہ'' ارشاد فرمایا: ''میں رسول اللّٰہ کا خلیفہ ہوں اور اسی پہ راضی ہوں۔''

(مسند امام احمد، مسند ابی بکر الصدیق، الحدیث: ۵۹، ج ۱، ص ۳۳)

(9) سب سے پہلے نفقہ کی تقرری

تاریخ اسلام میں سب سے پہلے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی رعایا نے خلافت کے معاملات میں مصروفیت کے سبب آپ کا نفقہ مقرر کیا۔

(الکامل فی التاریخ، ج ۲، ص ۲۷۲، تاریخ الخلفاء، ص ۵۹)

(10) سب سے پہلے خطیب

جب آپ نے اپنے اسلام کو ظاہر فرمایا تو ایک خطبہ ارشاد فرمایا یوں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ اسلام کے سب سے پہلے خطیب بھی ہیں۔

(تاریخ مدینۃ دمشق، ج ۳۰، ص ۴۹)

---

(1)......واضح رہے کہ یہ دو جلدوں کے مابین مصحف نہیں تھا بلکہ یہ وہ مختلف ومتفرق صحائف تھے جنہیں سیدنا صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مختلف جگہوں اور مختلف صحابہ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان سے لے کر ایک جگہ جمع کروادیا تھا اور ان تمام کو آپ نے مصحف کا نام دیا۔ تفصیل کے لیے اسی کتاب ''فیضان صدیق اکبر'' کا موضوع ''صدیق اکبر اور جمع قرآن'' ص 415 پر ملاحظہ کیجئے۔

(11) سب سے پہلے محافظ

ابتدائے اسلام میں سرکارِ مکۂ مکرمہ، سردارِ مدینۂ منورہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مشرکین مکہ کی طرف سے بہت تکالیف دی گئیں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مشرکین مکہ کے شر سے آپ کو بچایا یوں آپ کو پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پہلے محافظ ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔ (نوادر الاصول للترمذی، الاصل الثانی عشر والمائتان، ج ۲، ص ۷۷۷)

(12) سب سے پہلے مقیم بیت المال

آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو یہ بھی شرف حاصل ہے کہ سب سے پہلے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی نے بیت المال قائم فرمایا۔ (تاریخ الخلفاء، ص ۶۰)

(13) سب سے پہلے عتیق لقب پانے والے

اسلام میں سب سے پہلے آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو ہی عتیق لقب عطا کیا گیا۔ (الریاض النضرۃ، ج ۱، ص ۷۷)

(14) سب سے پہلے مبلغ اسلام

دو عالم کے مالِک و مختار، مکّی مَدَنی سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعد سب سے پہلے اسلام کی تبلیغ فرمانے کا اعزاز بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی کو حاصل ہے کیونکہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سب سے پہلے اسلام قبول فرمایا اور جس دن اسلام قبول فرمایا اسی دن اس کی تبلیغ بھی شروع فرمادی۔ (تاریخ مدینہ دمشق، ج ۳۰، ص ۴۹)

(15) سب سے پہلے معین اسلام

جانی و مالی طور پر سب سے پہلے اسلام کی معاونت کرنے والے بھی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی ہیں اسلام لاتے ہی آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے چالیس ہزار درہم خرچ کردیے۔ (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، حرف العین، عبد اللہ بن ابی قحافۃ، ج ۱، ص ۹۴، تاریخ دمشق، ج ۳۰، ص ۶۶)

(16) سب سے پہلے امیر الحج

حضرت سیدنا عبد اللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے نبیٔ کریم رؤفٌ رَّحیم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کو حج کا امیر بنایا اور اسلام میں آپ ہی سب سے پہلے امیر الحج بنے ہیں۔

(الریاض النضرۃ، ج ۱، ص ۱۶۳)

(17) اپنے والد کی حیات ہی میں پہلے خلیفہ

آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ وہ پہلے خلیفہ ہیں جو اپنے والد کی حیات ہی میں خلیفہ بنے اور خلافت کے امور کی باگ ڈور سنبھالی۔

(تاریخ الخلفاء، ص ۶۵، الکامل فی التاریخ، ج ۲، ص ۲۷۲)

(18) حیاتِ والد میں انتقال کرنے والے پہلے خلیفہ

اور آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی وہ پہلے خلیفہ ہیں جن کا انتقال ان کے والد کی حیات ہی میں ہوگیا۔ والد کی حیات ہی میں انتقال کرنے والے آپ پہلے خلیفہ ہیں۔

(تاریخ الخلفاء، ص ۶۵)

(19) اسلام کی سب سے پہلی مسجد بنانے والے

مشرکین مکہ کے ظلم و ستم سے تنگ آکر جب آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ حبشہ کی طرف ہجرت کے لیے روانہ ہوئے تو **اِبْنِ دَغِنَہ** کے روکنے پر دوبارہ مکہ واپس تشریف لے آئے اور گھر میں عبادت کرنے لگے۔ بعد میں آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے گھر کے صحن میں ایک مسجد قائم فرمائی اور اس میں عبادت و ریاضت شروع فرمادی یہ اسلام کی سب سے پہلی مسجد ہے جو آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنے گھر میں قائم فرمائی۔

(عمدۃ القاری، کتاب الکفالۃ، باب جوار ابی بکر فی عھد النبی، تحت الحدیث: ۲۲۹۷، ج ۷، ص ۲۲۲)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد